© rasailojaraid.com



# مجلسِ احرارِ اسلام۔ پاکستان

## پاکستان میں این جی اوز بھیانک کردار

صوبائی وزیر جناب پیر بن یامین رضوی نے اس اہم مسئلہ پر جس ردِ عمل کا اظہار فرمایا ہے وہ لاکھوں دینی کارکنوں کے دل کی آواز ہے اللہ کرے وزیر موصوف این جی اوز کے بھیانک کردار کو ختم کرنے میں کامیاب ہوں (آمین)
مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم نشر و اشاعت جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے ذیل کے خط میں جناب پیر بن یامین رضوی صاحب سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے انہیں عملی اقدامات کی طرف متوجہ کیا ہے۔ (مدیر)

۱۶ مارچ ۱۹۹۹ء

### مکرمی جناب پیر بنیامین رضوی صاحب

(صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر حکومت پنجاب لاہور)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اسلام اور پاکستان کے نظریاتی تشخص کے خلاف بیرونی فنڈز اور ایجنڈے پر کام کرنے والی "این۔ جی اوز" کے حوالے سے گزشتہ کئی ماہ سے آپ کے خیالات و اقدامات سے اخبارات کے ذریعے مسلسل آگاہی ہو رہی ہے۔

حکومتی سطح پر ایسے اقدامات کی بہت پہلے ضرورت تھی لیکن یہ سعادت آپ کے حصے کا مقدر تھا۔ مجلس احرار اسلام پاکستان اس مسئلہ پر آپ سے مکمل اتفاق رکھتی ہے اور ہم دعا گو ہیں کہ اللہ آپ کو اور آپ کے رفقاء کار کو اس کام میں استقامت اور کامیابی عطا فرمائے اور تعلیمی اور سماجی خدمات اور انسانی حقوق کے تحفظ کی آڑ میں کفر وارتداد کی آبیاری اور یہود و نصاریٰ کی مادر پدر آزاد تہذیب و کلچر کے فروغ، اسلام کے مسلّمہ دینی اعتقادات و احکام اور پاکستان کی سلامتی کے خلاف برسرِ عمل افراد و تنظیمات ناکام و نامراد ہوں۔ نیز اللہ ہمیں اس دھرتی پر حکومت الٰہیہ کے نفاذ کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

والسلام
عبداللطیف خالد
عبداللطیف خالد چیمہ
مرکزی سیکرٹری اطلاعات مجلس احرار اسلام پاکستان
دفتر جامع مسجد چیچہ وطنی
فون و فیکس: ۶۱۵۶۵۷-۰۴۴۵

© rasailojaraid.com